Serial No. of Answer Book ..........................

MRD-X-09(A)

# معاشیات (دہم)

Roll No. ..........................

Fic. No.

معاشیات (دہم)

Fic. No.

کل نمبر: 75 — کل وقت: 3 گھنٹے

## سیکشن "الف" (معروضی)

نمبر: 15 — نوٹ: اس حصے کیلئے یہی شیٹ استعمال کریں۔کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملےگا۔ — وقت: 20 منٹ

سوال 1 ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) پاکستان کی معیشت کا اہم ترین شعبہ.......................ہے۔

(الف) خدمات (ب) زراعت (ج) صنعت (د) بیکاری

(ii) رسد سکڑتی ہے اگر قیمت.......................

(الف) کم ہو (ب) ساکن ہو (ج) زیادہ ہو (د)

(iii) رسد اور قیمت کا باہمی رشتہ.......................ہوتا ہے۔

(الف) سیدھا (ب) الٹا (ج) ٹیڑھا (د) کمزور

(iv) آبادی کا نظریہ.......................نے پیش کیا۔

(الف) مارشل (ب) آدم سمتھ (ج) مالتھس (د) ملٹن فریڈمن

(v) کلیاتی معاشیات میں معاشی نظام کا.......................غور و فکر کیا جاتا ہے۔

(الف) بحیثیت مجموعی (ب) انفرادی طور پر (ج) عمومی طرز پر (د) ان میں سے کوئی نہیں

(vi) نجی ملکیت کا تصور.......................نظام میں ہے۔

(الف) سرمایہ دارانہ (ب) سوشلزم (ج) کیمونزم (د) فاشزم

(vii) جزوی معاشیات میں کسی معیشت کے انفرادی اجزاء و عناصر کے رویے کے مطالعہ کیا جاتا ہے۔

(الف) درست (ب) غلط (ج) (د)

(viii) پاکستان میں تشکیل سرمایہ کی رفتار.......................ہے۔

(الف) کم (ب) تیز (ج) ساکن (د) ان میں سے کوئی نہیں

(ix) مثبت افادہ تب ہوتا ہے جب افادہ گرتے گرتے.......................تک نہ پہنچا جائے۔

(الف) صفر (ب) 10 (ج) 20 (د) 15

(x) جب کسی شے کی قیمت بڑھ جاتی ہے تو اس کی.......................کم ہو جاتی ہے۔

(الف) رسد (ب) افادہ (ج) طلب (د) آمدن

(xi) طلب اور قیمت کا باہمی رشتہ.......................ہے۔

(الف) معکوس (ب) براہ راست (ج) کمزور (د) ٹیڑھا

(xii) پاکستان ایک صنعتی ملک ہے۔

(الف) درست (ب) غلط (ج) (د)

(xiii) پاکستان میں فی کس آمدن.......................ہے۔

(الف) کم (ب) زیادہ (ج) برابر (د) ان میں سے کوئی نہیں

(xiv) رابنز کہتا ہے خواہشات.......................ہیں۔

(الف) نہیں (ب) محدود (ج) لامحدود (د) غیر ضروری

(xv) پاکستان کا کوئی مرکزی بینک نہیں

(الف) درست (ب) غلط (ج) (د)

Result.PK

MRD-X-09(A)

# معاشیات (دہم)

نمبر 36 — ## سیکشن ''ب'' — وقت 2 گھنٹے 40 منٹ

سوال2 مندرجہ ذیل سوالات میں سے 9 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

i- آدم سمتھ کی معاشیات کی بیان کردہ تعریف لکھیں۔

ii- پیدائش دولت سے کیا مراد ہے؟

iii- معاشی مسئلہ کیونکر پیدا ہوتا ہے؟

iv- جزوی معاشیات سے کیا مراد ہے؟

v- انسانی حاجات کی قسمیں بیان کریں۔

vi- عاملین پیدائش سے کیا مراد ہے؟

vii- طلب کی وضاحت کریں۔

viii- مثبت اور منفی افادہ میں فرق واضح کریں۔

ix- طلب اور قیمت کا باہمی رشتہ بیان کریں۔

x- جی ڈی پی GDP سے کیا مراد ہے؟

xi- کمیابی کے کیا معنی ہیں؟

xii- سرمایہ کاری اور آمدن کا تعلق لکھیں۔

نمبر: 24 — ## سیکشن ''ج''

نوٹ: کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوال3 خام قومی آمدن اور خالص قومی آمدن میں کیا فرق ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال4 گوشوارہ اور ڈایا گرام کی مدد سے قانون تقلیل افادہ بیان کریں۔

سوال5 ہماری زرعی پیداوار کیوں کم ہے؟ زرعی پیداوار کو بڑھانے کیلئے تجاویز مرتب کریں۔

سوال6 معاشی مسئلہ کیا ہے؟ رابنز کی تعریف کی روشنی میں تجزیہ کریں۔

سوال7 تشکیل سرمایہ پر ایک مکمل نوٹ لکھیں۔

Result.PK